# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 24 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۴ ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10 بجے

***** ***** *****

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ اِنصاف آپ کے دروازے پر عدالتی نظام کا یہ جدید تصور ہے ' چیف جسٹس ڈاکٹر ڈی وائے دھننجئے چندر چوڑ کا بیان ' موصوف کے ہاتھوں رکھا گیا ممبئی ہائی کورٹ کی نئی عمارت کا سنگِ بنیاد

☆ شِرور تا چھترپتی سنبھاجی نگر گرین فیلڈ ایکسپریس راستے کی تعمیر اور نئی ثقافتی پالیسی کو کابینہ کی منظوری

☆ شدید بارش کے سبب فصلوں کے نقصان کی تلافی کے طور پر 237 کروڑ سے زائد رقم کی تقسیم کرنے حکم نامہ جاری

☆ صفائی ہی خدمت اِس مہم کے تحت ملک بھر میں 3 کروڑ سے زائد شہریان کی صفائی مہم میں شرکت' مراٹھواڑہ میں بھی صفائی مہم پر عمل درآمد

اور

☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر حصوں میں آئندہ 2 دنوں کے دوران زبردست بارش کا امکان' جالنہ ضلع میں بجلی گرنے سے ایک کسان کی موت

اب خبریں تفصیل سے...

سپریم کورٹ کے چیف جسٹس ڈاکٹر ڈی وائے چندر چوڑ نے کہا ہے کہ '' انصاف آپ کے دروازے پر '' عدالتی نظام کا یہ جدید تصور ہے۔ اُن کے ہاتھوں کل ممبئی ہائی کورٹ کی نئی عمارت کا افتتاح عمل میں آیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے یہ بات کہی۔ اِس تقریب میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے' نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار' ممبئی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس دیویندر کمار اُپادھیائے اپنے خطاب میں چیف جسٹس چندر چوڑ نے کہا کہ ممبئی ہائی کورٹ نے کئی قومی شخصیات عطاء کی ہے جن کی میراث' سماجی ' اقتصادی اور قومی شعبوں میں پھیلی ہوئی ہے۔ اِس لیے ہائی کورٹ کا یہ نیا کامپلیکس سب کے لیے قابل رسائی ہوگا۔

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اِس موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ بھارت کی جمہوریت کو مضبوط بنانے میں عدلیہ کا اہم کردار ہے۔ انھوں نے کہا کہ شہریان عدالت سے امید رکھتے ہیں کہ مجرمین کو جلد از جلد سزائیں دی جائیں اور اِس کے لیے ہم سب کو ایک موثر عدالتی نظام تشکیل دینے کی کاوش کرنی چاہیے۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ نے پونا ضلعے کے شرور سے چھترپتی سنبھاجی نگر تک گرین فیلڈ ایکسپریس وے کی تعمیر کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی زیرصدارت کل ہوئی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ 205 /کلومیٹر طویل اِس ایکسپریس راستے کی تعمیر پر 14 / ہزار 886 /کروڑ روپیوں کا خرچ آئے گا۔ یہ سڑک BOT کی بنیاد پر تعمیر کی جائے گی۔ کام مکمل ہونے کے بعد 2008ء کی روڈ ٹیکس پالیسی کے مطابق گاڑیوں پر روڈ ٹیکس عائد کیا جائے گا۔ اِس ایکسپریس وے کے لیے 2 / ہزار 633 /ہیکٹر اراضی حاصل کی جائے گی۔

کل منعقدہ کابینی اجلاس میں لوح گاؤں طیران گاہ کا نام بدل کر سنت تکارام مہاراج بین الاقوامی طیرانگاہ ' پونے رکھنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اِس اجلاس میں ریاست کی ثقافتی پالیسی 2024ء کو بھی منظوری دی گئی۔ یہ پالیسی ریاست کی ایک مضبوط ثقافتی مرکز کے طور پر شناخت پیدا کرنے کی خاطر تیار کی گئی ہے۔ جس سے اِس کے ورثے اور فن کو محفوظ بناتے ہوئے عالمی سطح پر اِس کی ثقافتی اہمیت کو اُجاگر کیا جائے گا۔ اِس پالیسی کا ہر 5 / برس کے بعد جائزہ لیا جائے گا۔ کابینہ نے سرپنچ اور نائب سرپنچ کے مشاہرے کو دُگنا کرنے' کُنبی کی 3 /ذیلی ذاتوں کو دیگر پسماندہ طبقات او بی سی میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ساتھ ہی کابینہ نے برہمن سماج کے لیے پرشورام معاشی ترقیاتی کارپوریشن اور راجپوت سماج کے لیے ویر شرومنی مہارنا پرتاپ معاشی ترقیاتی کارپوریشن کے قیام کو منظوری دی۔

کابینہ نے کل منعقدہ میٹنگ میں ریاست کے 14 /آئی ٹی آئی اِداروں کے نام رکھنے ' چھترپتی سنبھاجی نگر اور ناگپور میں لاء یونیورسٹی کو 7 /کروڑ روپیوں کی سبسیڈی فراہم کرنے ' دودھ پر رعایت دینے کی اسکیم جاری رکھنے اور گائے کے دودھ فی لیٹر 7 /روپئے سبسیڈی دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹیکس دہندگان کے مفاد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے جی ایس ٹی قانون میں ترمیم کرنے ' دھان پیدا کرنے والے کسانوں کو 40 /روپئے فی کوئنٹل اضافی باربرداری ادا کرنے ' گرام سیوک اور دیہی ترقیاتی افسر کے عہدوں کو ملا کر گرام پنچایت افسر کا عہدہ بنانے ' ایس ٹی کارپوریشن کی زمین کو BOT کی بنیاد پر ترقی دینے ' آبی وسائل محکمے کے ملازمین کے لیے سینئر پے اسکیل متعارف کرانے کا فیصلہ کل کابینہ کے اجلاس میں کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاست میں جون تا اگست 2024ء کے دوران شدید بارشوں سے فصلوں کو ہونے والے نقصان کی تلافی کے طور پر کسانوں کو 237 /کروڑ 7 /لاکھ 13 / ہزار روپیوں کی تقسیم کو منظوری دی گئی ہے۔ راحت رسانی ' بحالی اور آفات کے انتظام کے ریاستی وزیر اِنل پاٹل نے اِس سلسلے میں سرکولر جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ آج اور کل چھترپتی سنبھاجی نگر کا دورہ کر رہے ہیں۔ وہ آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر پارٹی کارکنان اور بی جے پی کے عہدیداروں سے بات چیت کریں گے۔ وزیر اعلیٰ شندے بھی اِسی سلسلے میں آج چھترپتی سنبھاجی نگر آ رہے ہیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

مرکزی انتخابی کمیشن کے افسران ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے 26 رتا 28 رستمبر کے دوران ممبئی کا دورہ کریں گے ۔ 27 رستمبر کو کمیشن کے عہدیدار مختلف سیاسی جماعتوں ' نوڈل افسران اور CPMF کے ساتھ انتخابی سیکوریٹی سے متعلق تفصیلی بات چیت کریں گے ۔ اِس کے بعد امن و قانون کا نفاذ کرنے والی ایجنسیوں کے حکام کے ساتھ میٹنگ ہوگی ۔ اِسی دن انتخابی کمیشن کے عہدیداران ریاست کے چیف سیکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل آف پولس سے بھی ملاقات کریں گے ۔

***** ***** *****

سنت گاڈگے بابا دیہی صفائی مہم کے تحت ریاستی سطح کے سنت تکڑوجی مہاراج صاف دیہات انعامات کی تقسیم چھترپتی سنبھاجی نگر میں آب رسانی اور صفائی کے ریاستی وزیر گلاب راؤ پاٹل کے ہاتھوں عمل میں آئی ۔ اِس موقع پر سن 2018ء تا 2022ء کے ایوارڈس تقسیم کیے گئے ۔ اپنے خطاب میں وزیر موصوف نے کہا کہ مقابلے میں صرف جیت کے لیے گاؤں کو صاف نہ رکھیں بلکہ گاؤں سمیت دِل کو بھی صاف رکھنے کی کوشش کریں ۔ اِسی میں ہماری ترقی ہے ۔ اِس تقریب میں ضلع کے رابطہ وزیر عبدالستار بھی موجود تھے ۔

***** ***** *****

'' صفائی ہی خدمت '' اِس مہم کے تحت ملک بھر میں اب تک 15 رلاکھ سے زائد سرگرمیاں عمل میں آئیں ۔ جس میں اب تک 3 رکروڑ شہریان نے رضا کارانہ طور پر اپنی خدمات پیش کی ۔ مراٹھواڑہ میں چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن نے کل '' ہم ہوں گے کامیاب '' نامی صفائی مہم چلائی ۔ اِس کے علاوہ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی کی جانب سے بھی صفائی مِتر تحفظ کیمپ کا انعقاد کیا گیا ۔ اِس میں صفائی ملازمین کی صحت کی جانچ کی گئی ۔ ساتھ ہی '' ایک پیڑ ماں کے نام '' مہم کے تحت پودے تقسیم کیے گئے ۔ ساتھ ہی ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت پودے تقسیم کیے گئے ۔ اسی طرح ہنگولی میں بھی بلدیہ کی جانب سے چراغ شاہ درگاہ جھیل کے علاقے میں صفائی مہم چلائی گئی ۔

***** ***** *****

مراٹھا سماج کے لیے ریزرویشن کے مطالبے پر جالنہ کے انترا والی سراٹی میں بھوک ہڑتال پر بیٹھے منوج جرانگے پاٹل کی حمایت میں مراٹھا سماج کے شہریان نے ریاست کے مختلف اضلاع میں کل بند منایا ۔ لاتور ' پربھنی اور ناندیڑ اضلاع بند میں شامل تھے ۔ ناندیڑ میں بند کا مِلا جُلا اثر رہا ۔ احمد نگر ضلعے کے جام کھیڑا قصبے اور تعلقے میں مکمل طور پر بند منایا گیا ۔ دوسری جانب ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ ہنگولی ضلعے کے وسمت تعلقے کے موڑی میں ایک نوجوان نے مراٹھا ریزرویشن کی خاطر پھانسی لگا کر خودکشی کر لی ۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے مراٹھواڑہ کے پربھنی' بیڑ ' ہنگولی اور ناندیڑ اضلاع میں آئندہ 2 ردنوں کے لیے اورینج الرٹ جاری کیا ہے جبکہ ڈویژن کے بقیہ اضلاع میں ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش کا امکان ہے ۔ وہیں جالنہ شہر سمیت ضلعے کے کچھ حصوں میں بجلی کی چمک اور بادلوں کی گرج کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے ۔ گھن ساونگی تعلقے کے انتروالی دائی میں کل کھیت میں کام کر رہے ایک کسان اشوک گندھاکے پر آسمانی بجلی گری جس سے اُس کی موت واقع ہوگئی ۔ آسمانی بجلی گرنے کے دیگر 2 رواقعات میں 2 رجانور ہلاک ہوگئے ۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں کل دھنگر سماج کے لیے ریزرویشن کی خاطر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ دھنگر سماج کے لوگوں نے روایتی لباس پہن کر بکریوں اور بھیڑوں کے ساتھ لاتور شہر کے اہلیہ بائی ہولکر چوک پر 3 / گھنٹے تک احتجاج کیا۔ دھنگر برادری کے شہریان نلنگا' احمد پور اور دیگر تعلقوں میں بھی احتجاج کے لیے سڑکوں پر نکل آئے۔

دوسری جانب بنجارہ سماج کے افراد نے بھی لاتور شہر میں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر پارک سے قدیم کلکٹر دفتر تک مورچہ نکالا۔

***** **** *****

**آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے ...**

- ☆ **اِنصاف آپ کے دروازے پر عدالتی نظام کا یہ جدید تصور ہے ' چیف جسٹس ڈاکٹر ڈی وائے دھننجئے چندر چوڑ کا بیان ' موصوف کے ہاتھوں رکھا گیا ممبئی ہائی کورٹ کی نئی عمارت کا سنگِ بنیاد**
- ☆ **شِرور تا چھترپتی سنبھاجی نگر گرین فیلڈ ایکسپریس راستے کی تعمیر اور نئی ثقافتی پالیسی کو کابینہ کی منظوری**
- ☆ **شدید بارش کے سبب فصلوں کے نقصان کی تلافی کے طور پر 237 / کروڑ سے زائد رقم کی تقسیم کرنے حکم نامہ جاری**
- ☆ **صفائی ہی خدمت اِس مہم کے تحت ملک بھر میں 3 / کروڑ سے زائد شہریان کی صفائی مہم میں شرکت' مراٹھواڑہ میں بھی صفائی مہم پر عمل درآمد**

**اور**

- ☆ **مراٹھواڑہ کے بیشتر حصوں میں آئندہ 2 / دنوں کے دوران زبردست بارش کا امکان' جالنہ ضلعے میں بجلی گرنے سے ایک کسان کی موت**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں ۔**

☆☆☆☆